**22.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... شبانہ رحمان

**Music**

---

☆ آج پانی کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پانی ، ثقافتوں کی لائف لائن رہا ہے۔ وزیر اعظم نے مستقبل کی نسلوں کیلئے پانی کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ جسٹس یشونت ورما کا الہٰ آباد ہائی کورٹ میں تبادلہ ایک آزادانہ فیصلہ ہے اور اِس کا محکمہ جاتی جانچ کے طریقۂ کار سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

☆ بہار آج اپنا یومِ تاسیس منا رہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ اور وزیر اعظم نے اِس موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سابق صدر جوبائیڈن ، سابق نائب صدر کملا ہیرس اور سابق وزیرِ خارجہ ہلیری کلنٹن اور دیگر کے سکیورٹی **Clearances** کو منسوخ کردیا ہے۔

☆ اور بھارت میں کرکٹ کا سب سے بڑا میلہ ، **IPL-2025** آج سے کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں شروع ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**WORLD WATER DAY**

آج دنیا بھر میں پانی کی بچت اور اسے محفوظ رکھنے کا دن منایا جارہا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بار پھر پانی کو محفوظ کرنے اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے ملک کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ایک ویڈیا جاری کیا ہے ، جس میں پانی کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

یہ دن منانے کا مقصد میٹھے پانی کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور آبی وسائل کے پائیدار اور ٹھوس بندوبست کی ضرورت پر زور دینا ہے۔ یہ دن منانے کا ایک مقصد دنیا بھر میں پانی کے بحران سے نمٹنے کیلئے لوگوں میں بیداری پیدا کرنا اور انہیں اِس سلسلے میں اقدامات کی ترغیب دینا بھی ہے۔ پانی کے عالمی دن کا اِس سال موضوع '' گلیشیر کا تحفظ'' ہے کیونکہ گلیشیر دنیا میں

تازہ پانی کی سپلائی برقرار رکھنے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اور آب و ہوا میں تبدیلی کے مد نظر اِسے محفوظ کرنے کی فوری ضرورت ہے۔

اس سلسلے میں پیش ہے ایک رپورٹ ... **VC - Bhanu Pratap Singh**

*بھارت کے پاس اپنی آبادی کی ضرورت کو پورا کرنے کیلیے دنیا کے تازہ پانی کی قریب چار فیصد مقدار موجود ہے۔ پانی کی قلت سے نمٹنے اور پانی کے بہتر بندوبست کیلیے حکومت مختلف اسکیمیں اور اقدامات نافذ کررہی ہے۔ جل جیون مشن، اٹل بھوجل یوجنا اور امرت سرووَرمشن بھی انہی اقدامات کا حصہ ہیں۔ جل جیون مشن کے ذریعہ ملک بھر کے 15 کروڑ دیہی گھروں میں نل کے ذریعے پانی کے کنکشن فراہم کیئے گیئے۔ وہیں اٹل بھوجل یوجنا نے زیرِ زمین پانی کی گھٹتی سطح کے بارے میں بیداری پیدا کی۔ ساتھ ہی امرت سرووَرمشن نے آبی منبعوں کو بازیاب کیا۔ اس کے علاوہ پردھان منتری کرشی سینچائی یوجنا کا مقصد سینچائی کے لئے پانی کے موثر استعمال کو فروغ دینا ہے۔*

*نئی دلّی سے دیپندرکمار کی رپورٹ کیساتھ اردو خبروں کیلیے*

**CR PATIL WATER DAY**

آج پانی کے عالمی دن کے موقع پر جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے کہا ہے کہ پانی کی قلت کا مسئلہ، عالمی تشویش کی وجہ بن گیا ہے، لیکن بھارت وہ ملک ہے، جس نے چیلنج کو موقعے میں تبدیل کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پاٹل نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت نے پانی کے تحفظ کو نہ صرف پالیسی کے طور پر اپنایا ہے بلکہ ایک عوامی مہم کی شکل دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کا موضوع گلیشیئر کا تحفظ ہے، جو سبھی کو یہ یاد دلاتا ہے کہ قدرت کے ساتھ توازن اور بیداری ہی پانی کی قلت کے مسئلے سے نمٹنے کا واحد مستقل حل ہیں۔×

**BIHAR FOUNDATION DAY**

بہار اپنے قیام کے آج 113 سال پورے کررہا ہے۔ 1912 میں آج ہی کے دن برطانوی دورِ حکومت میں Bengal Presidency سے الگ کرکے بہار ریاست بنائی گئی تھی ۔ آج کا دن بہار دِوس کے طور پر منایا جاتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Dharmendra**

*اِس سال بہار دِوس کا موضوع ''اُنّت بہار وِکست بہار'' رکھا گیا ہے۔ اِس موضوع پر ریاست کے ضلع صدر مقامات اور قصبوں میں اسکول اور کالج کے طلباء کی طرف سے پربھات پھیریوں کا اہتمام کیا گیا ۔ اس دوران بہار کی ترقی کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار کی طرف سے بہار کی*

*ترقی کیلئے دیئے گئے نعرے کے موضوع پر دیہی ترقی ،صحت ،تعلیم اور پنچایت راج جیسے مختلف سرکاری محکمے نمائشوں وغیرہ کا اہتمام کررہے ہیں۔*

*دھرمیندر رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ....*

**PM-PREZ BIHAR DAY**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج بہار کے یوم تاسیس کے موقع پر ریاست کے عوام کو مبارک باد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے یہ کہتے ہوئے بہار کی ستائش کی، کہ یہ ریاست زمانہ قدیم سے معلومات اور ترقی کی سرزمیں رہی ہے۔ صدر جمہوریہ نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایک ترقی یافتہ بہار تشکیل دینے کیلئے بہار کے لوگ اپنا تعاون جاری رکھیں گے اور ایک خوشحال بھارت تشکیل دینے کیلئے اپنی صلاحیت، عزم اور سخت محنت کے تئیں اپنی کوششوں کو بھی جاری رکھیں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے بہار کی سرزمین کو عظیم شخصیتوں اور سورماؤں کی مقدس سرزمین سے تعبیر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ ریاست، جس نے بھارتی تاریخ کی شان بڑھائی ہے، آج اپنے ترقیاتی سفر کے ایک نہایت اہم مرحلے سے گزررہی ہے۔ جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ بہار کے محنتی اور ہنرمند افراد نے اس ترقی میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ بہار ریاست، جو بھارت کی ثقافت اور روایات کا ایک مرکز رہی ہے، اس کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی جائے گی۔x

**SC-JUSTICE YASHWANT VRMA**

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ جسٹس یشونت ورما کو الہٰ آباد ہائی کورٹ میں تبادلہ کرنے کی تجویز آزادانہ ہے اور اِس کا in-house انکوائری سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ دلّی ہائی کورٹ کے جج جسٹس یشونت ورما کی رہائش گاہ سے مبینہ طور پر نقد رقم ملنے کی خبروں کے تناظر میں یہ بیان سامنے آیا ہے۔

اعلیٰ عدالت نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس تجویز پر بھارت کے چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے چار سب سے زیادہ سینئر ججوں پر مشتمل Collegium نے جمعرات کو غور کیا تھا اور اِس کے بعد سپریم کورٹ کے مشاورتی ججوں ، متعلقہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحبان اور جسٹس یشونت ورما کو خطوط لکھے گئے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ جوابات ملنے کے بعد Collegium ، اِن پر غور و خوض کرے گا اور پھر ایک قرارداد منظور کی جائے گی۔ x

## CBI-INDIA SPORTS CITY

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے نوئیڈا اسپورٹ سٹی پروجیکٹ کی منظوری، ڈیولپمنٹ اور الاٹمنٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں دلّی اور نوئیڈا میں مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق CBI نے الہ آباد ہای کورٹ کی ہدایات پر مختلف کمپنیوں، اُن کے ڈائریکٹرس اور نامعلوم پبلک سرونٹ کے خلاف تین معاملات درج کئے ہیں۔ تلاشی کی کارروائی کے دوران ایجنسی نے قابل اعتراض دستاویزات، ڈیجیٹل شواہد اور دیگر اشیاء برآمد کی ہیں۔ یہ معاملات الاٹمنٹ، ڈولپمنٹ اور 2011 اور 2014 کے درمیان اسپورٹس سٹی پروجیکٹوں کی منظوری سے متعلق ہیں۔×

## TRUMP-SECURITY REVOKE

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے سابق صدر جوبائیڈن، سابق نائب صدر کملا ہیرس، سابق وزیر خارجہ ہیلیری کلنٹن اور وہائٹ ہاؤس اور قومی سکیورٹی کے بہت سے سینئر اہلکاروں کی سکیورٹی کلیئرنس کو منسوخ کردیا ہے۔ وہائٹ ہاؤس کے مواصلاتی شعبے کی طرف سے ایجنسی کے سربراہوں کو بھیجے گئے ایک دستاویز میں یہ جانکاری دی گئی ہے۔ جناب ٹرمپ نے یہ بھی کہا ہے کہ جن لوگوں کی سکیورٹی کلیئرنس منسوخ کی گئی ہے، اب انہیں خفیہ دستاویزات تک رسائی حاصل نہیں رہے گی۔×

## GEORGE FORMAN DEMISE

باکسنگ کے آزمودہ کار سابق کھلاڑی George Foreman کا انتقال ہوگیا ہے، اُن کی عمر 76 سال تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اُن کے اہل خانہ نے، ان کے انتقال کی خبر کا اعلان کیا ہے۔ رِنگ میں بِگ جارج کے نام سے مشہور Foreman کا باکسنگ کی تاریخ میں نہایت شاندار اور طویل کریئر رہا ہے۔ انہوں نے 1968 کے اولمپکس میں پہلا گولڈ میڈل جیتا اور 1970 کے اوائل اور 1994 میں دوبارہ دو مرتبہ ہیوی ویٹ ورلڈ ٹائٹل کا خطاب جیتا۔ وہ 45 سال کی عمر میں سب سے سینئر ہیوی ویٹ چمپئن بھی بنے۔ Foreman نے اپنے کریئر کے دوران کُل 81 مقابلوں میں حصہ لیا، جس میں سے انہوں نے 76 میں ریکارڈ جیت حاصل کی۔×

## IPL-2025

کرکٹ میں، انڈین پریمیر لیگ IPL 2025 کا 18 واں ایڈیشن آج سے شروع ہو رہا ہے۔ دنیا بھر کے کرکٹ شائقین کو T20 میچوں سے ایک مرتبہ پھر لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ IPL کے شاندار مقابلوں میں دنیا کے چوٹی کے کھلاڑی اپنے جوہر کا مظاہرہ کریں گے، جس سے شائقین کے جوش و خروش میں مزید اضافہ ہوگا۔

IPL کا افتتاحی میچ آج کولکاتہ کے ایڈین گارڈن میں دفاعی چمپئن کولکاتہ نائٹ رائڈرس اور رائل چیلنجرس بنگلور کے

درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ **RCB** ٹیم کی قیادت **Rajat Patidar** کریں گے جبکہ **KKR** کی قیادت **Ajinkya Rahane** کریں گے۔

میچ کے آغاز سے پہلے شاندار افتتاحی تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ **Disha Patani**، سحر انگیز گلوکارہ شیریا گھوشال اور پنجابی **Rapper** و گلوکار **Karan Aujla** اپنے فن سے شائقین کو مسحور کریں گے۔ **IPL** میں کُل **10** ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ ٹورنامنٹ میں کُل **74** میچز کھیلے جائیں گے۔ فائنل مقابلہ **25** مئی کو ہوگا۔×

## SWISS OPEN BADMINTON

سوئس اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی تریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی کا سامنا آج شام سوئٹزرلینڈ **Basel** میں خواتین کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں چین کی **Sheng Shu Liu** اور **Tan NIng** کی سرکردہ جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام پانچ بجکر **10** منٹ پر شروع ہوگا۔ کامن ویلتھ کھیلوں میں کانسے کا تمغہ حاصل کرنے والی تریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی نے کل کوارٹر فائنل میں کی چین کی آٹھویں سیڈ کی جوڑی کو اکیس-اٹھاہ، اکیس-چودہ سے شکست دی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆